# اب نئے کرنسی نوٹوں کا حصول آپکی اُنگلیوں پر



عید کی خوشیاں دوبالا کریں، اس مرتبہ عوام الناس کی سہولت کو مدِنظر رکھتے ہوئے اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے پاکستان بینک ایسوسی ایشن کے اشتراک سے ایس ایم ایس شاٹ کوڈ (8877) کے ذریعے نئے کرنسی نوٹوں کی فراہمی کا فیصلہ کیا ہے جو مورخہ 2 رمضان سے 28 رمضان تک جاری رہے گا۔

**طریقہ کار:**

**8877** پر اپنا شناختی کارڈ کا نمبر ایک خالی جگہ اور منتخب برانچ کا ID نمبر میسج کریں۔
جس کے جواب میں آپکو ٹرانزیکشن نمبر اور برانچ کا پتہ موصول ہوگا۔

موصول ہونے والے ٹرانزیکشن نمبر کو میسج میں دی گئی تاریخ پر متعلقہ بینک برانچ میں اپنے اصل شناختی کارڈ بمعہ فوٹو کاپی پیش کرینگے۔ اس نظام کے تحت ہر صارف کو 10 روپے کے دو اور 20 روپے کا ایک پیکٹ جبکہ 50 اور 100 روپے کے نوٹ کا ایک پیکٹ اسٹاک کی دستیابی کے مطابق فراہم کئے جائیں گے۔ **یہ سہولت 115 شہروں کی 500 کمرشل بینک برانچوں اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان بینکنگ سروسز کارپوریشن کے دفاتر سے دستیاب ہوگی۔** آپکی منتخب برانچ کا ID اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی ویب سائٹ www.sbp.org.pk پاکستان بینک ایسوسی ایشن کی ویب سائٹ www.pakistanbanks.org اور متعلقہ بینکوں کی ویب سائٹس پر دستیاب ہے۔ کسی بھی پریشانی کی صورت میں اسٹیٹ بینک میں قائم ہیلپ ڈیسک کے مندرجہ ذیل ٹیلیفون نمبروں پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

**ٹیلیفون نمبر:**

- پنجاب: .................... (042)-111008877
- سندھ اور بلوچستان: .................... (021)-111008877
- خیبر پختونخوا، اسلام آباد، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان: .... (051)-111008877

ہیلپ ڈیسک کی سہولت آفس اوقات میں دستیاب ہوگی۔

**نوٹ:**

- **اس سروس کے لئے استعمال ہونے والے برانچ ID اسٹیٹ بینک کی طرف سے جاری کئے گئے ہیں اور کمرشل بینک کے اپنے برانچ کوڈ سے مختلف ہیں۔**
- ایس ایم ایس کے چارجز موبائل کمپنی کے قوائد وضوابط کے مطابق لاگو ہونگے جو کہ 2 روپے + ٹیکس ہیں۔
- صارفین سے گزارش ہے کہ ایک شناختی کارڈ پر صرف ایک مرتبہ ہی نوٹ جاری کئے جائیں گے اور ایک سے زیادہ SMS کرنے پر مزید ٹرانزیکشن کوڈ جاری نہیں ہوگا اور صارف کو ایس ایم ایس چارجز کا نقصان بھی برداشت کرنا ہوگا۔
- مزید یہ کہ ایک موبائل نمبر سے ایک شناختی کارڈ نمبر ہی ایس ایم ایس کیا جا سکتا ہے دوسرے شناختی کارڈ کے لئے دوسرے موبائل نمبر کا استعمال کرنا ہوگا بصورت دیگر ٹرانزیکشن کوڈ جاری نہیں ہوگا اور صارف کو ایس ایم ایس چارجز کا نقصان بھی برداشت کرنا ہوگا۔
- میسج میں دی گئی تاریخ پر نوٹ حاصل نہ کرنے کی صورت میں ٹرانزیکشن نمبر ناقابلِ استعمال ہوگا۔

## بینک دولت پاکستان
## بینکنگ سروسز کارپوریشن (بینک)